صوبائی اسمبلی خیبر پختونخوا

اسمبلی کا اجلاس، اسمبلی چیمبر پشاور میں بروز منگل مورخہ 11 دسمبر 2012ء بمطابق 26 محرم الحرام 1434 ہجری بعد از دوپہر چار بجکر پندرہ پر منعقد ہوا۔

جناب سپیکر، کرامت اللہ خان مسند صدارت پر متمکن ہوئے۔

تلاوت کلام پاک اور اس کا ترجمہ

اَعُوذُ بِاللهِ مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيمِ۔ بِسْمِ اللهِ الرَّحْمَانِ الرَّحِيمِ۔

وَمَا يَسْتَوِي الْأَعْمَىٰ وَالْبَصِيرُO وَلَا الظُّلُمَاتُ وَلَا النُّورُO وَلَا الظِّلُّ وَلَا الْحَرُورُO وَمَا يَسْتَوِي الْأَحْيَاءُ وَلَا الْأَمْوَاتُ إِنَّ اللَّهَ يُسْمِعُ مَن يَشَاءُ وَمَا أَنتَ بِمُسْمِعٍ مَّن فِي الْقُبُورِO إِنْ أَنتَ إِلَّا نَذِيرٌ۔ صَدَقَ اللهُ الْعَظِيم۔

(ترجمہ): اور اندھا اور آنکھوں والا برابر نہیں۔ اور نہ تاریکی اور نہ روشنی۔ اور نہ چھاؤں اور دھوپ۔ اور زندے اور مردے برابر نہیں ہو سکتے اللہ جس کو چاہتا ہے سنوا دیتا ہے اور آپ ان لوگوں کو نہیں سنا سکتے جو قبروں میں (مدفون) ہیں۔ آپ تو صرف ڈرانے والے ہیں۔ وآخِرُ دَعْوَانَا أَنِ الْحَمْدُ لِلَّهِ رَبِّ الْعَالَمِينَ۔

جناب سپیکر: جزاکم اللہ جی۔ میں اپنی طرف سے، ممبران صوبائی اسمبلی اور اسمبلی سیکرٹریٹ کی طرف سے 'نیشنل یوتھ اسمبلی' کے نوجوان ممبران کو صوبائی اسمبلی خیبر پختونخوا آمد پر خوش آمدید کہتا ہوں۔ (تالیاں) اور امید رکھتا ہوں کہ وہ صوبائی اسمبلی خیبر پختونخوا کے دورے کو مثبت پائیں گے اور مستقبل میں اس ملک و قوم کی باگ ڈور میں اپنا بھرپور کردار ادا کریں گے، ان شاء اللہ۔

نشانزدہ سوالات اور انکے جوابات

Mr. Speaker: 'Question's Hour': Mr. Aurangzeb Nalotha Sahib, Sardar Nalotha Sahib, Question number?

سردار اورنگزیب نلوٹھا: کوئسچن نمبر 5 ہے جی۔

جناب سپیکر: جی؟

سردار اورنگزیب نلوٹھا: کوئسچن نمبر 5 ہے۔

جناب سپیکر: جی۔

* 05 _ سردار اورنگزیب نلوٹھا: کیا وزیر مال از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) محکمہ ضلع مانسہرہ کے بعد ایبٹ آباد میں بھی بندوبست کا ارادہ رکھتا ہے؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:

(i) ضلع ایبٹ آباد کی کن کن یونین کونسلوں میں بندوبست کیا گیا ہے، تفصیل فراہم کی جائے؛

(ii) ضلع ایبٹ آباد میں عرصہ دراز سے جو پٹواری ایک جگہ پر تعینات ہیں، حکومت انہیں تبدیل کرنے کا ارادہ رکھتی ہے؛

(iii) سال 2010 سے تاحال جو پٹواری ضلع ایبٹ آباد میں تعینات ہیں، ان کے نام، حلقہ اور تاریخ تعیناتی کی تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب محمد شجاع خان (وزیر مال واملاک) (جواب وزیر ماحولیات نے پڑھا): (الف) ضلع مانسہرہ کے ساتھ ساتھ ضلع ایبٹ آباد میں بھی کام بندوبست بحوالہ نوٹیفکیشن No.1724-36 DLR مورخہ 29-06-2012 شروع ہو چکا ہے۔

(ب) (i) ضلع ایبٹ آباد کی تحصیل حویلیاں کی تمام 16 یونین کونسلوں میں کام بندوبست شروع ہے جن کی تفصیل درج ذیل ہے:

فہرست یونین کونسلز تحصیل حویلیاں ضلع ایبٹ آباد

نمبر شمار	نام یونین کونسل	تحصیل
01	حویلیاں اربن	حویلیاں
02	لنگرا	
03	گڑھی پھلگراں	
04	جھنگڑہ	
05	بانڈہ عطائی خان	
06	دیوال منال	
07	مجوہاں	
08	ناڑہ	
09	لنگڑیال	
10	پھلہ	
11	گرینی	
12	نگری ٹوٹیال	
13	سہر شرقی	
14	سہر غربی	
15	تاجوال	
16	لورا	

(ii) جی ہاں، صوبائی حکومت کی پالیسی کے مطابق متعلقہ ضلع کلیکٹر، ہر دو سال بعد پٹواریوں کو ایک حلقہ سے دوسرے حلقہ تبدیل کرتا ہے۔ جہاں تک بندوبستی پٹواریوں کا تعلق ہے، ان میں کسی کی بھی مقرر کردہ مدت پوری نہیں ہوئی۔ مدت پوری ہونے کے بعد صوبائی حکومت کی پالیسی کے مطابق تبادلے کئے جائیں گے۔

(iii) تحصیل حویلیاں کے جملہ پٹواریان کی فہرست بمعہ تاریخ تعیناتی کی تفصیل ایوان کو فراہم کی گئی۔

Mr. Speaker: Any supplementary?

Sardar Aurangzeb Nalotha: Ji, yes.

جناب سپیکر: جی بسم اللہ۔

سردار اورنگزیب نلوٹھا: اس میں سر، میں نے یہ پوچھا ہے کہ ضلع ایبٹ آباد کی کن کن یونین کونسلوں میں بندوبست کیا گیا ہے، کیا جانا ہے، تفصیل فراہم کی جائے؟ توانہوں نے تفصیل یہ دی ہے کہ تحصیل حویلیاں کی 16 یونین کونسلوں میں بندوبست کا کام شروع ہے۔ واقعی کام شروع ہے لیکن میں یہ پوچھنا چاہونگا منسٹر صاحب سے کہ جس طرح یہ کام شروع ہے، اگر اس طریقے سے سستی سے جس طرح کام جاری ہے، اس میں بڑا لمبا ٹائم لگے گا، توکب تک ان 16 یونین کونسلوں میں، جو ایک تحصیل کی ہے، ان پر کام کوکب تک مکمل کیا جائے گا؟ دوسرا جی میرا ایک ضمنی کوئسچن یہ ہے کہ سال 2010 سے تاحال جو پٹواری ضلع ایبٹ آباد میں تعینات ہیں، ان کے نام اور تاریخ تعیناتی کی تفصیل فراہم کی جائے؟ توانہوں نے جواب دیا ہے کہ تحصیل حویلیاں کے جملہ پٹواریان کی فہرست بمعہ تاریخ تعیناتی مرتب ہوکر ارسال خدمت ہے۔ اس میں جو تفصیل دی گئی ہے، ڈسٹرکٹ، تحصیل ایبٹ آباد کی دی گئی ہے، تحصیل حویلیاں کی تفصیل فراہم نہیں کی گئی۔

جناب سپیکر: جی آنریبل سردار۔۔۔۔

جناب محمد جاوید عباسی: جناب سپیکر!

جناب سپیکر: جی، جاوید عباسی صاحب۔

جناب محمد جاوید عباسی: تھینک یو، جناب سپیکر۔ ایک تو مجھے لگتا ہے کہ آج منسٹر صاحب تشریف نہیں لائے اور بہت بہتر ہوتا کہ بڑا Important Question تھا۔ ہم حکومت کے مشکور ہیں کہ ہماری ریکویسٹ پر انہوں نے ایبٹ آباد میں بندوبست شروع کروایا تھا اور ہم نے کئی دفعہ یہ معاملہ یہاں جناب سپیکر Raise کیا تھا کہ یہ واحد ضلع ہے جس میں سارا جو ریکارڈ تھا، دو دفعہ جناب سپیکر، آگ لگنے کی وجہ سے مکمل طور یہاں جل کر راکھ ہوگیا تھا اور کوئی ریکارڈ موجود نہیں ہے جناب سپیکر ایبٹ آباد کے اندر۔ اس وقت کے منسٹر مخدوم صاحب کے مشکور ہیں کہ ہم نے یہاں بات کی اور انہوں نے آرڈر کیا لیکن بدقسمتی ہے جناب سپیکر، سات مہینے سے زیادہ عرصہ ہوگیا ہے، انہوں نے سارے Trainee جو پٹواری تھے جناب سپیکر، جو Trainee لوگ تھے، ان کو لگایا جن کے پاس نہ توکوئی Experience ہے، نہ جناب سپیکر، ان کو Facilitate کرنے کیلئے سامان تھا جنہوں نے زمین کی پیمائش کرنی ہے۔ صرف اتنا کیا ہے جناب سپیکر، کہ انہوں نے حویلیاں میں ایک جگہ رکھی ہے، جہاں وہ جاتے ہیں اور صبح حاضری لگواکر آجاتے ہیں، گورنمنٹ کا پیسہ لیتے ہیں اور کتنے مہینوں سے جناب سپیکر، Practically کوئی کام سرے

سے شروع ہی نہیں ہو سکا۔ تو ہم یہ ریکویسٹ کریں گے کہ آپ کی مہربانی، آپ نے ہماری ریکویسٹ پر یہ کام شروع کیا لیکن وہ پٹواری صاحبان انتظار کرتے ہیں کہ یہ حکومت ختم ہو جائے تو اس کے بعد شاید وہ شروع کرنا چاہتے ہیں بندوبست کا کام، تو منسٹر صاحب بتانا پسند کریں گے کہ کیا واقعی پریکٹیکل کام شروع ہو گا؟ ایسا نہ ہو کہ جناب سپیکر، جو بڑی بڑی وہاں زمینیں ہیں، جائیدادیں ہیں، جو بڑے بڑے ہاؤسز بنے ہوئے ہیں، کئی لوگ اپنے نام، بلور صاحب الاٹ کروالیں، ہو سکتا ہے، ایسا ممکن ہے آجکل اور مجھے سر خطرہ ہے کہ کہیں گورنر ہاؤس کسی کے نام نہ کروالیں۔ جناب سپیکر، ادھر ہی ہم چاہتے ہیں کہ ضروری ہے کہ ایک دفعہ پھر یہ بندوبست مکمل ہو جائے کیونکہ ہمارے لوگ مارے مارے تحصیلوں میں اور ضلعوں میں پھرتے ہیں، پٹواریوں کے پاس کوئی سامان نہیں ہے، ہمارے جو کیسز ہیں جناب سپیکر، پچھلے کئی سالوں سے پینڈنگ ہیں تو ہماری ریکویسٹ ہے کہ مہربانی کر کے اس بندوبست کو عملی طور پر شروع کیا جائے جناب سپیکر۔

<u>جناب سپیکر:</u> یہ گورنر ہاؤس جو ہے نا، آپ کے نام اگر الاٹ ہو جائے تو خاموش رہیں گے ؟

<u>جناب محمد جاوید عباسی:</u> نہیں جناب سپیکر، اگر آپ یقین دلادیں تو پھر کوئی بات نہیں ہے۔ بڑی مہربانی۔

<u>جناب سپیکر:</u> (قہقہہ)

<u>جناب بشیر احمد بلور {(سینیئر وزیر بلدیات)}:</u> ایک منٹ مجھے اجازت دیں جناب سپیکر صاحب! انہوں نے میرا نام لیا ہے تو میں ذرا جواب دوں۔

<u>جناب سپیکر:</u> جی بسم اللہ۔

<u>جناب محمد جاوید عباسی:</u> میں نے آپ کا نام نہیں لیا۔

<u>سینیئر وزیر بلدیات:</u> آپ نے کہا ہے کہ بلور صاحب کہیں کرالیں تو۔۔۔۔۔

<u>جناب محمد جاوید عباسی:</u> میں نے آپ کا نام نہیں لیا ہے، میں نے حکومت کا نام لیا ہے۔

<u>Mr. Speaker</u>: Ji honourable Wajid Ali Khan! On behalf of Minister Revenue.

<u>جناب واجد علی خان (وزیر ماحولیات):</u> محترم سپیکر صاحب! سردار صاحب نے جو کوسچن Raise کیا ہے، یقیناً یہ ایک بہت اہم سوال ہے اور خاصکر ایبٹ آباد کے حوالے سے جہاں پر اب نیا پٹوار بندوبست شروع ہے تو اس حوالے سے On the ground جو مجھے دیا گیا ہے محکمے کی طرف سے، تو اس سال اس کیلئے ایک کروڑ 37 لاکھ روپے مختص کئے گئے ہیں اور اس حوالے سے ان کی جو تمام ضروریات ہیں، وہ ان کو

Provide کی جاچکی ہیں۔ تحصیل حویلیاں کی 16 یونین کونسلوں میں 22 پٹوار حلقہ جات ہیں اور 104 موضع جات پر مشتمل ہیں جن کیلئے اس حوالے سے 6 گرداور اور 18 پٹواریوں کی تعیناتی ہوچکی ہے اور انہوں نے عملی کام شروع کیا ہے۔ اگر اس میں تھوڑی بہت کوئی کمی یا کمزوری ہے تو ہم متعلقہ ایم پی اے صاحب سے درخواست کریں گے کہ وہ ہمیں نشاندہی کریں، اس حوالے سے ڈیپارٹمنٹ اپنی ذمہ داری پوری کریگی۔ اگر اس میں کوئی سستی ہے یا کوئی ان کو مشکل ہے یا کسی چیز کی ان کو کمی ہے تو وہ تمام چیزیں ان کو Provide کی جائیں گی اور میرے خیال میں ایسی کوئی بات نہیں ہوگی کہ اس حکومت کے علاوہ کوئی دوسری حکومت جو ہے، بندوبست شروع کرے۔

جناب سپیکر: تھینک یو۔ موؤر، جی آپ کیا کہتے ہیں کہ رنگروٹ سپاہی وہ پٹواری ہیں؟

سردار اورنگزیب نلوٹھا: میں یہ بات کہنا چاہتا ہوں سپیکر صاحب کہ جو پیمائش کا سامان ہے۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: وہ ان کے پاس نہیں ہے؟

سردار اورنگزیب نلوٹھا: جی جی، ان کے پاس وہ نہیں ہے اور ان کی کتابیں زمین پر، میں خود گیا ہوں وہاں۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: ان کا پیمائش کا سامان تو بس وہی ایک پن ہوتا ہے اور۔۔۔۔۔

سردار اورنگزیب نلوٹھا: جو اتنا پیسہ انہوں نے رکھا ہے تو فوری طور پر ان کو پیمائش کا سامان مہیا کریں اور ان کے پاس کتابیں رکھنے کی جگہ نہیں ہے اور دوسری بات یہ ہے کہ جو نئے لڑکے ادھر بھیجے گئے ہیں، وہ بندوبست کو نہیں سمجھتے ہیں۔ وہاں پہ تجربہ کار پٹواریوں کو بھیجا جائے جو بندوبست کو سمجھتے ہیں۔ Kindly وہ جو نئے لڑکے بھیجے گئے ہیں، ان کو واپس کرکے جو تجربہ کار پٹواری ہیں، ان کو وہاں بھیجا جائے۔

جناب سپیکر: سردار صاحب! شکر کرو، یہ صحیح کام کرلیں گے، اگر پرانے گاگڑ آگئے تو پتہ نہیں کیا حشر کردیں گے، خوش نہیں ہوتے کہ آج نئے لوگ آئے ہیں؟

سید مفتی جانان: نا تجربه کار پټواريان جي مونږ ته دوئ راستوی۔

جناب سپیکر: (قہقہہ) جی مفتی صاحب، ٹھیک وایئ۔ ویسے ان پہ نظر رکھی جائے، مجھے تو اندازہ ہے کہ یہ نئے لوگ اچھا کام کریں گے بجائے پرانے لوگوں کے لیکن ان پر نظر رکھنے کی ضرورت ہے اور جاوید عباسی صاحب! آپ تو بڑے ٹھیک ٹھاک سمجھتے ہیں۔

جناب محمد جاوید عباسی: نہیں سر، ان پر نظر رکھنا کوئی آسان کام ہے؟ یہ تو چار سالوں میں چار منسٹرز تبدیل کرا چکے ہیں جناب سپیکر۔

جناب سپیکر: (قہقہہ) نور سحر صاحبہ۔نور سحر صاحبہ، سوال نمبر؟

محترمہ نور سحر: کوئسچن نمبر 12۔

جناب سپیکر: جی۔

* 12 _ محترمہ نور سحر: کیاوزیر جنگلات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) سال 12-2011 کے دوران محکمہ نے ہزارہ اور ملاکنڈ ڈویژن میں ٹمبر سمگل کرنے پر کئی افراد کے خلاف کارروائی اور لکڑی بھی پکڑی ہے؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو مذکورہ عرصہ کے دوران پکڑی گئی لکڑی اور ٹمبر مافیا کے خلاف کارروائی کی تفصیل، نیز ان علاقوں میں جنگلات کی چیک پوسٹوں پر غفلت برتنے والے افراد کے خلاف کارروائی اور عرصہ تعیناتی کی تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب واجد علی خان (وزیر ماحولیات): (الف) ہاں یہ درست ہے۔

(ب) مذکورہ عرصے کے دوران پکڑی گئی لکڑی اور ٹمبر مافیا کے خلاف کارروائی اور سرکاری امور میں غفلت / لاپرواہی برتنے پر محکمانہ کارروائی کی تفصیل درج ذیل ہے:

1۔ لوئر ہزارہ فارسٹ سرکل

سال 12-2011 کے دوران لوئر ہزارہ فارسٹ سرکل میں لکڑ سمگلنگ کرنے پر 1060 افراد کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے 47871 مکسر فٹ لکڑی پکڑ کر -/3,22,56,190 روپے عوضانہ وصول کر کے قومی خزانے میں جمع کرایا گیا ہے۔اسی دوران چیک پوسٹوں اور 'بیریئر' پر تعینات سٹاف کے خلاف محکمہ نے جو کارروائی کی ہے، اس کی تفصیل بمعہ عرصہ تعیناتی ذیل ہے:

نمبر شمار	فارسٹ ڈویژن سرن		
	نام ملازم اور عہدہ	چیک پوسٹ / بیریئر	عرصہ تعیناتی
01	علی احمد (فارسٹ گارڈ)	دومیل	20-06-11تا30-10-11
02	محمد ہارون (فارسٹ گارڈ)	اہل	24-04-08تا10-01-12
03	خضر حیات (فارسٹ گارڈ)	اہل	12-11-10تا18-01-12

فارسٹ ڈویژن ہری پور			
01	گلستان: فارسٹ گارڈ	جھاری کس	25-03-11تا13-08-12
02	مرسلین اختر۔فارسٹ گارڈ	جھاری کس	25-12-09تا16-09-11

2۔ اپر ہزارہ فارسٹ سرکل

سال 2011-12 کے دوران اپر ہزارہ سرکل میں پکڑی گئی لکڑی اور ٹمبر مافیا کے خلاف کی گئی کارروائی اور وصول کردہ جرمانہ کی تفصیل ڈویژن وائز درج ذیل ہے:

نمبر شمار	فارسٹ ڈویژن	تفصیل لکڑی (مکسر فٹ)	رقم عوضانہ (روپے)
01	اگرور تناول	2209-34	2584100
02	ہزارہ ٹرائبل	2005-00	1728251
03	لوئر کوہستان	693-00	389200
04	اپر کوہستان	---	---
05	پٹرول سکواڈ	907-80	604871
	کل تعداد	5815-14	5306422

مندرجہ بالا رقم عوضانہ کے علاوہ ملزمان سے بابت نقصان جنگل برین اگرور تناول فارسٹ ڈویژن مبلغ 5750762 روپے عوضانہ بھی وصول کیا گیا، لہذا بہ دوران سال 2011-12 کل مبلغ 11057184 روپے ملزمان جنگل سے عوضانہ وصول کیا گیا۔ محکمہ جنگلات اپر ہزارہ فارسٹ سرکل میں لگائی گئی چیک پوسٹوں کی اوران پر تعینات عملہ بمعہ عرصہ تعیناتی ذیل ہے:

نمبر شمار	اگرور تناول		
	نام ملازم اور عہدہ	چیک پوسٹ / بیریئر	عرصہ تعیناتی
01	جہانزیب / محمد نصیر (فارسٹ گارڈ)	کنڈار	3ماہ
02	افتخار / جان محمد (فارسٹ گارڈ)	گلی بردال	15-10-11تاحال
03	ریاض احمد / محمد بشیر	دربند	1ماہ

	(فارسٹ گارڈ)		
04	محمد رفیق (فارسٹ گارڈ)	متسریاں	12-06-12تاحال
05	سردار / سجاول ارشد (فارسٹ گارڈ)	شنگلی بانڈی	03-10-12تاحال
	ہزارہ ٹرائبل		
01	فیض الرحمان (فارسٹ گارڈ)	نوگرام الائی	2سال 8ماہ
02	محمد اقبال، عبیداللہ (فارسٹ گارڈ)	رباط کنڈاؤ الائی	2سال
03	دلدار محمد (فارسٹ گارڈ)	کس پل بٹگرام	3سال
04	نیاز احمد شاہ (فارسٹ گارڈ)	ایضاً	3ماہ
05	عطاالرحمان (فارسٹ گارڈ)	ایضاً	1سال 5ماہ
06	آصف نواز (فارسٹ گارڈ)	ایضاً	2ماہ
	لوئر کوہستان		
01	قدیم خان (فارسٹر) زیارت گل (فارسٹ گارڈ)	چکئی	1سال
02	سردار رحمان شاہ، نذر (فارسٹ گارڈ)	ایضاً	ایضاً
03	گل داد (فارسٹر) عید کیری، عبدالرؤف، نواب علی (فارسٹ گارڈ)	ایضاً	جولائی 2012تاحال
	اپر کوہستان		
01	عمر خان (فارسٹ گارڈ)	شتیال	01-07-11تا04-11-11 (5ماہ) 29-04-11 تا 03-06-12 (2ماہ 21دن)

02	مختیار احمد (فارسٹ گارڈ)	ایضاً	01-07-11 تا 09-04-12 (9ماہ21دن)
03	عبدالہادی (فارسٹ گارڈ)	ایضاً	01-07-11 تا 09-04-12 (9ماہ21دن) 03-06-12 تا30-6-12 (27دن)
04	نصیب خان	ایضاً	01-07-11 تا 09-04-12 (9ماہ21دن)
05	عبدالقافی	ایضاً	09-04-12 تا 30-06-12 (2ماہ21دن)

سال 2011-12 کے دوران درج ذیل افراد کے خلاف سرکاری امور میں غفلت اور لاپرواہی برتنے پر محکمانہ کارروائی عمل میں لائی گئی ہے:

نمبر شمار	نام ملازم اور عہدہ
01	جان محمد، تنویر شاہ، محمد لیاقت (فارسٹ گارڈز)
02	محمد ریحان (فارسٹ گارڈ)
03	محمد سلیم (فارسٹ گارڈ)
04	سردار (فارسٹ گارڈ)
05	شاہ حسین (فارسٹ رینجر) یوسف (فارسٹر) ارشد (فارسٹ گارڈ)
06	نزیرالحمان (ڈرائیور)
07	محمد یوسف (فارسٹر)، جان محمد (فارسٹ گارڈ)
08	فردون (فارسٹر)، یاسر رفیق (فارسٹ گارڈ)
09	جاوید (فارسٹر)، ریاض (فارسٹ گارڈ)

<u>جناب سپیکر:</u> مطمئن ہیں؟

<u>محترمہ نور سحر:</u> نہیں سر۔ تھوڑا سا ایک کوئسچن ہے، اور تو ٹھیک ہے لیکن سر ہم نے لکھا ہوا تھا کہ ان افراد کے خلاف آپ نے کیا کارروائی کی ہے؟ انہوں نے افراد کے نام اور اس کی تفصیل تو دی ہے لیکن ان

کے خلاف جو کارروائی ہوئی ہے، اس کیلئے انہوں نے کچھ نہیں بتایا کہ جو بندے چیک پوسٹوں پر پکڑے گئے۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: جی آنریبل منسٹر صاحب۔

جناب محمد جاوید عباسی: جناب سپیکر! میرا ایک ضمنی سوال ہے۔

جناب سپیکر: جی جاوید عباسی صاحب۔

جناب محمد جاوید عباسی: Thank you very much, Janab Speaker، مہربانی۔ منسٹر صاحب نے بتایا ہے، منسٹر صاحب نے ان بندوں کی نشاندہی کی ہے جو ایک 'بیریئر' کے اوپر کام کرتے ہیں، انہوں نے نام بھی دیئے ہیں۔ ہم یہ پوچھنا چاہ رہے تھے کہ جو سٹاف جنگل کے اندر ہے جناب، جہاں سے کٹائی ہوتی ہے، جہاں سے لے جاتے ہیں اور اگر پورے ضلع کے اندر کسی جگہ پر لیکر جا رہے ہیں اور سمگل کر رہے ہیں تو ان میں سے کسی آدمی کے خلاف جناب سپیکر، کوئی نام نہیں دیا گیا، اس کے بارے میں کوئی نہیں بتایا گیا کہ اس کے خلاف بھی کیا کارروائی ہوگی؟ یہ تو وہ لوگ ہیں جناب سپیکر، جو اگر بیس ٹرک لیکر نکل گئے اور ایک 'بیریئر' پر انکو روک دیا گیا، تو یہ ایک ضلع سے دوسرے ضلع میں جب داخل ہوتے ہیں جناب سپیکر، یا ایک تحصیل سے دوسری تحصیل میں داخل ہوتے ہیں، تو اس وقت یہ پوچھیں؟ لیکن سب سے زیادہ جنگل چونکہ جہاں کٹائی ہوتی ہے جناب، اس سٹاف کے خلاف کیا کوئی ایکشن ہوا ہے؟ دوسرا میرا ضمنی سوال یہ ہے کہ جنگل کی زمین پر بے شمار لوگوں نے قبضہ بھی کیا ہوا ہے۔ ہم نے کئی دفعہ یہاں کھڑے ہو کر کہا ہے کہ وہ زمین واگزار کرائی جائے، واپس لی جائے تو کیا منسٹر صاحب بتانا پسند کریں گے کہ کوئی پالیسی ہے کہ جن لوگوں نے زمین پر قبضہ کیا ہے، ان سے زمین واپس ہوگی؟

سردار شمعون یار خان: جناب سپیکر!

جناب سپیکر: سردار شمعون یار خان، پلیز۔ جی سردار صاحب، شمعون یار خان۔

سردار شمعون یار خان: تھینک یو سر۔ میں یہ پوچھنا چاہ رہا ہوں جی کہ یہاں پر ڈیٹیل میں کوئسچن تو آیا ہے کہ جس طرح لکڑی پکڑی گئی ہے اور جن جن فارسٹ گارڈز اور باقی اہلکاروں کی غفلت سے ہوا ہے تو میں یہ بات کہنا چاہونگا کہ جو اس کا Source ہے، جہاں سے یہ کٹائی شروع ہوتی ہے، وہاں پر اگر گورنمنٹ یا ڈیپارٹمنٹ صحیح طرح سے اس کی نگرانی کرے، نگرانی اسلئے کہ وہاں پر سٹاف نہ ہونے کے برابر ہے۔ اس بات کی کیا۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: سردار صاحب! ادھر تو جنگل میں منگل ہوتا ہے، ادھر تو اور معاملہ۔۔۔۔۔

سردار شمعون یار خان: اس بات کی کئی دفعہ نشاندہی بھی کر چکے ہیں کہ اس پورے ایریا کیلئے فارسٹ گارڈ کی تعداد بڑھائی جائے۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: جی۔

سردار شمعون یار خان: تاکہ اس چیز کو کنٹرول کیا جاسکے۔

Mr. Speaker: Ji honourable Minister for Environment, please.

جناب واجد علی خان (وزیر ماحولیات): محترم سپیکر صاحب! نور سحر بی بی کا جو سوال آیا ہے، یقیناً یہ ایک بہت (اہم) سوال ہے اور اس حوالے سے بہت ڈیٹیل کیساتھ جوابات دیئے گئے ہیں اور اس میں جو کارروائی کی گئی ہے اور جو جرمانے وصول کئے گئے ہیں، تو یہ گھوڑوں کے جرمانے ہیں اور اسی کے ساتھ جو ہزاروں فٹ لکڑی ضبط کی جاچکی ہے، جس طرف اس نے اشارہ کیا ہے تو ان لوگوں کے خلاف کارروائی ہو رہی ہے، تو اس میں انکوائری جو مختلف لوگوں کے حوالے سے، مختلف ضلعے ہوتے ہیں، جو اس کی انکوائری کرتے ہیں، کوئی ڈی ایف او کے لیول پہ ہوتی ہے، کوئی ایس ڈی ایف او کے لیول پہ ہوتی ہے، کوئی اس سے آگے، تو اس کیلئے انکوائری کا ایک طریقہ کار ہے کہ اس کے مطابق ان کے خلاف انکوائری بھی ہوتی ہے اور اس میں جن لوگوں کے خلاف کارروائی کی گئی ہے تو اس میں ان کے نام اور عہدے وغیرہ موجود ہیں لیکن جس طرح اس نے کہا کہ ان کو سزا کتنی ملی ہے؟ تو میرے خیال میں وہ اس میں نہیں ہے کیونکہ اس حوالے سے جن کے خلاف کارروائی کی گئی ہے تو ان کے نام بھی دیئے گئے ہیں، تقریباً نو/ دس بندے ہیں جن کو سزا ہو گئی ہے تو میرے خیال میں جو سزاوار ہیں تو کوئی نیا سوال آئے تو اس کے مطابق ہم نام بھی لیں گے کہ کتنے لوگوں کے خلاف سزا اور جزا کا فیصلہ ہو چکا ہے؟ تو میرے خیال میں اگر اس کی جگہ نیا سوال لے آئیں تو ہم اس میں ان کو جواب دیں گے۔ باقی جاوید عباسی صاحب نے جو سپلیمنٹری کیا ہے تو میرے خیال میں انہوں نے ایک نیا سوال اٹھایا ہے کہ جہاں جہاں پہ یہ زمین قبضہ ہے تو اگر وہ سوال لے آئیں اسمبلی کے فلور پہ تو ہم اس کو جواب ان شاء اللہ تعالیٰ دیں گے اور اس کو مطمئن بھی کریں گے کہ ان کے خلاف کیا کارروائی ہو سکتی ہے؟ ہم کریں گے، ان شاء اللہ۔

جناب سپیکر: تھینک یو۔ محترمہ نور سحر صاحبہ، سوال نمبر؟

محترمہ نور سحر: جناب سپیکر! اس سوال کا جواب تو انہوں نے نہیں دیا۔

جناب سپیکر: کس کا؟

محترمہ نور سحر: میرا وزیر صاحب سے۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: وہ ٹرین، وہ ٹرین پلیٹ فارم چھوڑ چکی ہے، آگے بڑھیں جی، ابھی نیا کوئسچن۔۔۔۔۔

محترمہ نور سحر: سپیکر صاحب!

جناب سپیکر: بس دا مې هغوی ته رولنگ ورکړو جی۔ نیا کوئسچن۔۔۔۔۔

محترمہ نور سحر: 23۔

(سوال نمبر 23 مع جواب ضمیمہ میں ملاحظہ کریں)

Mr. Speaker: Any supplementary?

محترمہ نور سحر: Yes Sir۔ انہوں نے جو لکھا ہوا ہے کہ انہوں نے ایشین ڈیویلپمنٹ بینک سے جو فنڈ وصول کیا تھا اور اس کو پھر واپس کر دیا ہے تو 2005 میں یہ شروع ہوا تھا اور 2011 میں مکمل ہونا تھا لیکن انہوں نے 2008 میں اس کو واپس کر دیا۔ آیا یہ اس ملک کی اور اس صوبے کی بدنامی نہیں ہے کہ یہ فنڈ لیکر واپس کرتے ہیں یا ان میں یہ اہلیت نہیں ہے کہ اس فنڈ کو Use کر سکیں؟ (تالیاں) 2008 میں ٹھیک ہے ہماری گورنمنٹ آگئی ہے اور 2008 میں یہ نہیں تھے لیکن جس وقت یہ آئے تو ان Responsible افسران کے خلاف کیا انہوں نے کارروائی کی ہے جنہوں نے فنڈ لیکر واپس کیا ہے؟

جناب ثاقب اللہ خان چمکنی: سپیکر صاحب!

جناب سپیکر: جی ثاقب اللہ خان، سپلیمنٹری۔

جناب ثاقب اللہ خان چمکنی: ډیره مهربانی سر۔ سر، دا د سستم سوال دے، په سستم باندې کومه سر۔ سر، د دوئ دا شق نمبر 2 چې دے، دا لکه تاسو اووایئ جی، دوئ لیکلی دی " ایشیائی ترقیاتی بینک کی رپورٹ کے مطابق منصوبے کا ڈیزائن مقامی حالات کے مطابق حقیقت پسندانہ نہیں تھا اور نہایت پیچیدہ تھا حالانکہ منصوبے کا پی سی ون ایشیائی ترقیاتی بینک کے کنسلٹنٹ نے تیار کیا تھا"، جناب سپیکر، زما په دیکښې یو سوال دے چې دا پی سی ون څوک Approve کوی؟ دا مونږه Observe کړې ده جی چې کله مونږه د ډونرز نه 'لون' یا ګرانټ اخلو نو زمونږه هغوی ته بالکل یو Liberal approach وی چې تاسو څه وکړل نو مونږ ته منظوره ده او د هغې د وجې نه چې کوم ګرانټ یا 'لون' مونږه اخلو نو هغه ضائع کیږی۔ اوس کنسلټنټ دے، هغه نوکر دے د بینک جی، د ترقیاتی بینک نوکر دے جی، د هغه Paymaster هم هغه دے، هغه به هغه

ګوری چې کوم د هغه'لون' ورکولو والا ډونر چې دے یا'لون' ورکوی یا ګرانټ ورکوی، هغه به د هغه Objectives ګوری۔ سر، پی سی ون چې کله Approve کیږی، د هغې یؤ پروسیجر وی، هغه پروسیجر چې Adopt شی نو بیا پکار دا ده چې زمونږه د افسرانو کوم پوزیشن دے، هغه په دیکښې وګوری چې هلکه دا یؤ پراجیکټ مونږه کوؤ، که'لون' دے واپس کوؤ به، که ګرانټ دے احسان به اخلو، نو چې دا دواړه کاره مونږه کوؤ کنه سر، نو مونږ له پکاردا ده چې په هغې کښې وګورو چې دا حقیقت پسندانه وو که نه وو؟ ولې داسې شے دوئ Approve کولو چې پریکټیکل نه وو او دویمه دا چې که'لون' وو سر، نو بیا د هغې نقصان شوے دے نو پکار دا ده، دا نه چې پیسې اخلو،'لون' اخلو نو واپس کوؤ به ئے؟ نو سر، دا ده چې د پی سی ون Approving authority په دیکښې څوک وه او هغوی خپل کار ولې نه دے کړے؟ پکار دا ده چې دا راغے چې بهئ دا پریکټیکل نه دے او دا مونږ نشو Implement کولے، چې هغه ئے بند کړے وے۔

<u>جناب عبدالستار خان</u>: جناب سپیکر!

<u>جناب سپیکر</u>: جی ستار خان صاحب۔۔۔۔

(قطع کلامی)

<u>جناب سپیکر</u>: د هغوی نه پس۔ ستار خان۔۔۔۔

(شور)

<u>جناب عبدالستار خان</u>: ضمنی کوئسچن، میرے خیال میں اس کو پینڈنگ کر دیں، ایک میرا بنیادی ضمنی کوئسچن ہے اس میں۔۔۔۔

(شور)

<u>جناب سپیکر</u>: نه، دا په ضمنی کوئسچن باندې به Reply کوی څوک؟

(شور)

<u>Mr. Speaker</u>: It's kept pending, pending-----

(Interruption)

<u>جناب سپیکر</u>: او کنه جی، پینډنګ۔۔۔۔

(قطع کلامی)

Mr. Speaker: It's kept pending, ruling is ruling. Mohtarama Noor Sahar Sahiba again, Question number?

Ms. Noor Sahar: Question No. 24.

Mr. Speaker: Answer be taken as read.

محترمہ نور سحر: دے هم نشته نو بس څه کوئ؟ سر، پینډنګ ئے کړئ۔

جناب سپیکر: جی کوئی ٹریژری بنچز سے جواب دیتا ہے اس کو سچن کا؟

(شور / قطع کلامیاں)

جناب سپیکر: دا د چا دے؟

محترمہ نور سحر: سر، دا کمیټئ ته اولیږئ، په هغې کښې به پخپله ډیټیل دوئ ورکړی۔

جناب سپیکر: نه کمیټئ ته ئے که اولیږو نو هغه چیئرمینان صاحبان هم کوم دا سې۔۔

محترمہ نور سحر: بس کمیټئ ته ئے اولیږئ سر نو۔

جناب سپیکر: جی منسٹر اند سٹریز نہیں ہیں، وہ بھی نہیں ہیں۔

(شور / قطع کلامیاں)

محترمہ نور سحر: سر، وہ بھی نہیں ہے۔

جناب محمد جاوید عباسی: سر، وزیر بالکل نہیں آتے، روزانہ یہی حال ہے۔ سر، کوئی نہیں آتا، تمام ہاؤس اس پر۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: یہ کام ہے سینیئر وزیر بشیر بلور صاحب کا، وہ اپنے وزیروں کو سمجھائیں گے کہ جن کی بزنس ہے، ان کو ضرور ادھر آنا چاہیئے۔ یہ بھی پینڈنگ کریں؟

جناب بشیر احمد بلور {سینیئر وزیر (بلدیات)}: میں ان شاء اللہ یہ یقین دلاتا ہوں ہاؤس کو کہ منسٹروں سے کہیں گے کہ مہربانی کر کے اپنے ٹائم پر آئیں اور اپنے کوسچنز کے جواب دیا کریں۔

Mr. Speaker: This is also kept pending. Again Noor Sahiba.? یہ بھی وہی ہے؟

محترمہ نور سحر: نشته، منسټر صاحب نشته۔

جناب سپیکر: کوسچن نمبر؟

محترمہ نور سحر: سر، کوئسچن نمبر خو بہ اووایم خو هغه نشته۔

جناب سپیکر: کوئسچن نمبر؟

محترمہ نوسحر: کوئسچن نمبر26۔

جناب سپیکر: 25 کہ 26؟

محترمہ نور سحر: 25 او شو سر، 26۔ 25 لیبر منسټر صاحب نشته کنه؟

جناب سپیکر: وہ بھی نہیں ہے؟

محترمہ نور سحر: جی۔

Mr. Speaker: Kept pending.

(Applause)

اراکین کی رخصت

جناب سپیکر: ان معزز اراکین نے رخصت کیلئے درخواستیں ارسال کی ہیں، جن میں: جناب حبیب الرحمان تنولی صاحب 12-11؛ جناب میاں نثار گل صاحب 12-10تا12-26؛ وجیہہ الزمان صاحب 12-11؛ حاجی ہدایت اللہ خان صاحب 12-12، نہیں 12-11و12-12؛ آصف بھٹی صاحب 12-11؛ فضل اللہ صاحب 12-11؛ عنایت اللہ جدون صاحب 12-11؛ ڈاکٹر ذاکر اللہ صاحب 12-11اور اکرم خان درانی صاحب 12-11تا12-14:

Is it the desire of the House that the leave may be granted?

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The leave is granted.

حاجی قلندر خان لودھی: جناب سپیکر صاحب! میں ایک-----

جناب سپیکر: ودریږئ جی، بس دا یؤ خو دی، بیا ستاسو هاؤس دے چې څه وایئ۔یہ تھوڑا سا، بس یہ ختم کرتا ہوں پھر آپ کی مرضی ہے جو آپ کہیں گے، وہ کریں گے جی۔

توجہ دلاؤ نوٹس ہا

Mr. Speaker: Ji Bismillah, Abdul Sattar Khan, to please move your call attention notice No. 814.

جناب عبدالستار خان: تھینک یو سر۔ جناب سپیکر، میں اپنی طرف سے یوتھ اسمبلی کے ممبران کو اس اسمبلی میں آنے پر مبارکباد پیش کرتا ہوں، بہرحال میں ایک جوان ہوں تو میرا حق بنتا ہے کہ ان کو۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: ستار خان! یہ تو پھر وزیر صاحب نہیں ہیں۔

جناب عبدالستار خان: کیونکہ اس کو لانا لازمی ہے، اس لحاظ سے لازمی ہے کہ تمام جو ڈاکٹرز تھے، انہوں نے ہڑتال بھی کی ہے اور اسمبلی کے سامنے بھی آئے تو گورنمنٹ کی طرف سے جواب ملنا چاہیئے اس کا اور اسمیں معقول تجویز میں رکھنا چاہتا ہوں۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: ٹریژری بنچز سے کوئی Ready ہے اس جواب کیلئے؟ ہیلتھ منسٹر نہیں ہے۔ ٹریژری بنچز سے کوئی ہے؟ This is kept pending۔

جناب عبدالستار خان: نہیں سر، سار پینڈنگ کر کے کس طرح وہ کریں گے؟

(شور)

جناب سپیکر: یہ ہمارے چھوٹے بچے آئے ہیں یوتھ اسمبلی کے، وہ آپ سے کیا سیکھیں گے؟

جناب عبدالستار خان: یہی سیکھیں گے۔

جناب سپیکر: بری بات ہے، Embarrassing ۔

Hafiz Akhtar Ali Sahib, please move your call attention notice No. 817.

حافظ اختر علی: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ شکریہ جناب سپیکر صاحب۔ میں آپ کی توجہ ایک اہم مسئلے کے طرف مبذول کروانا چاہتا ہوں، وہ یہ کہ میرے حلقہ PK 28 مردان میں حاجی آباد مسلم آباد روڈ جس کی منظوری اور ٹینڈر ہو چکا ہے اور ورک آرڈر ٹھیکیدار کو جاری ہو چکا ہے لیکن کام بند پڑا ہے جس کی وجہ سے علاقے کے عوام میں اشتعال اور بے چینی پائی جاتی ہے، لہذا حکومت فوری نوٹس لیکر مسئلہ حل کروائے۔

جناب سپیکر صاحب، دا د پچیس لاکھ روپو د لاگت یؤ روډ دے او په دې باندې د ډیر وخت نه کار شروع شوے دے خو هغه کار بند دے، لهذا منسټر صاحب ستاسو په خدمت کښې دا گزارش کوم چې هغوی د دا ډائریکشن جاری کړی او د دې سره د جناب سپیکر صاحب، منسټر صاحب دا یؤ ډائریکشن هم جاری کړی، زما په حلقه کښې دا د میاں خان، د سنگاهو او د دغالئ ټیوب ویلې

د ډیرو ورځو نه بند دی او د هغې هغه ټرانسفرمرې خرابې دی، چا کښې څه کار دے، لهذا د منسټر صاحب نه دا استدعا کوؤ چې دا ډائریکشن هغوی ډیپارټمنټ ته ورکړی پبلک هیلتھ ته چې د څښکلو د اوبو دا مسئله زر تر زره حل کړی۔

جناب بشیر احمد بلور {سینئیر وزیر (بلدیات)}: جناب سپیکر صاحب!

جناب سپیکر: جی۔ آنریبل سینئیر منسٹر، بشیر بلور صاحب۔

سینئیر وزیر (بلدیات): سپیکر صاحب، زمونږه حافظ اختر علی صاحب چې دا کومه خبره وکړه د روډ په باره کښې نو د یخنۍ په وجه 'پریمکس' نشی کیدے خو بیا هم زه به پته کوم چې دا ولې لیټ شو؟ خو د هغوی چې ما ته کوم جواب ملاؤ شوے دے، هغوی دا وائی چې د یخنۍ په وجه 'پریمکس' نه کیږی نو په دې وجه په هغه روډ باندې کار بند دے خو زه به ورته وایم چې دا د Expedite کړی نو دا سې 'پریمکس' څه طریقه ورله اوباسی چې زر تر زره کار اوشی۔ بل دوئ د خپلو ټیوب ویلو خبره وکړه، زه محکمې ته، د هغوی څوک نه څوک به ناست وی، زه هغوی ته انسټرکشنز ورکوم چې کوم ځائے ټرانسفرمر سوزیدلے دے یا ښه یا بد، پکار دا ده چې اوبه خو د خامخا چالو شی ولې چې دا اوبه د خلقو Necessity of life دے، په دیکښې خو محکمې له پکار ده چې هیڅ Delay ونکړی او زر تر زره ورله دا ټیوب ویلونه ټهیک کړی۔

Mr. Speaker: Thank you. The honourable Minister for Law on behalf of honourable Chief Minister, Khyber Pakhtunkhwa, but where is Law Minister Sahib?

(Pandemonium)

جناب شاه حسین خان: جناب سپیکر صاحب! زه یؤ خبره کول غواړم۔

(شور)

جناب سپیکر: ترسکونه که وی هله؟ (مداخلت) نه که ترسکونه خبره وی، (مداخلت) نه د لچسپه خبره که وی هله؟

(شور)

جناب سپیکر: جی۔

مفتی کفایت اللہ: جناب سپیکر! یہ عجیب بات ہے کہ روزانہ منسٹر صاحبان ہاؤس میں موجود نہیں ہوتے، یہ تو ہماری اور اس ہاؤس کی۔۔۔۔۔

(شور)

جناب سپیکر: جی مفتی کفایت اللہ صاحب۔ مفتی کفایت اللہ صاحب څه وائی ؟

مفتی کفایت اللہ: جناب سپیکر، بہت زیادہ شکریہ۔ ہم تو یہ سمجھتے ہیں کہ ہماری اسمبلی باقی Sister Assemblies کے مقابلے میں زیادہ Mature ہے اور ہماری بہت اچھی روایات ہیں۔ ہم تو آج تک یہی بات کر رہے تھے لیکن آج ہمیں اندازہ ہوتا ہے کہ ہماری سرکار، دولت مدار، اسمبلی میں دلچسپی نہیں رکھتی اور اس کی وجہ یہ ہے کہ بہت سارے سوالات آپ کو پینڈنگ کرنا پڑتے ہیں۔ میں یہ سمجھتا ہوں کہ یہ وزراء کی طرف سے ہمارے سسٹم پر عدم اعتماد ہے اور ان کی دلچسپی نہیں ہے۔ ایسے وقت میں کہ جب ہم مختلف خطرات سے گزر کر اس جمہوریت کو مکمل کرتے ہیں تو وہ ان اداروں کا احترام نہیں کرتے۔ میں اپنے اپوزیشن ساتھیوں سے بھی کہوں گا اور اپنی طرف سے وزراء کے اس رویے کے خلاف ہم ٹوکن واک آؤٹ کرتے ہیں۔

(اس مرحلہ پر مفتی کفایت اللہ رکن اسمبلی اور دیگر حزب اختلاف کے اراکین واک آؤٹ کر گئے)

جناب سپیکر: مفتی صاحب! مفتی صاحب، بات سنیں۔ (قہقہہ) میں تو سوچ رہا تھا کہ آپ کوئی مزاحیہ بات کریں گے، آپ تو روٹھ گئے۔

(شور)

جناب سپیکر: قلندر لودھی صاحب! (قہقہہ) میاں صاحب! راوله ئے، دا د دوئ د پاره به یؤ کوؤ څه، ارباب صاحب! ورشه دا دغه راوله، ممبران صاحبان جی۔

سینئیر وزیر (بلدیات): سپیکر صاحب!

جناب سپیکر: آنریبل بشیر بلور صاحب۔

سینئیر وزیر (بلدیات): سپیکر صاحب، دومره بنکلې خبره ده۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: میاں افتخار صاحب اور ارباب ایوب جان صاحب۔

سینیئر وزیر (بلدیات): سپیکر صاحب! دومره صحیح خبره ده چې نن زمونږ نگهت اورکزئی صاحبه د هغوی سره واک آؤټ ونکړو، دا د پیپلز پارټئ ممبره شوه نو زه ورله مبارکباد ورکوم-----

(اس مرحلہ پر حزب اختلاف کے اراکین واک آؤٹ ختم کرکے ایوان میں تشریف لے آئے)

(تالیاں)

سینیئر وزیر (بلدیات): چې دے نن د حکومتی پارټئ، پکار دا ده چې دا دیخوا کښینی، تاسو د دې سیټ هم دیخوا واړوئ (تالیاں) چې دا زمونږ د حکومتی پارټئ غړې شوه نو د دې مهربانی چې دې واک آؤټ ونکړو او مونږه مبارکباد هم ورله ورکوؤ چې دا په پیپلز پارټئ کښې شامله شوه۔

